سوال

منفرد کی مغرب اور عشاء کی نماز۔

جواب

گھر میں نماز پڑھنے پر قراءۃ بلند ہوگی یا آہستہ ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر فجر، مغرب اور عشاء کی نماز گھر میں پڑھ رہے ہیں تو کیا اونچی آواز میں تلاوت کرنی ہے یا آہستہ پڑھنا ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد ! پہلی بات تو یہ ہے کہ آدمی کو مسجد میں نماز باجماعت ادا کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔ اور اگر کسی مجبوری کی وجہ سے آپ گھر میں نماز ادا کر رہے ہیں اور جماعت کروا رہے ہیں تو پھر ان مذکورہ نمازوں میں قراءت جہری ہی ہوگی، جب کہ ظہر اور عصر میں سری ہوگی۔ اور اگر آپ جماعت کے بغیر اکیلے ہی پڑھ رہے ہیں تو پھر تمام نمازوں میں قراءت سری ہوگی۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی